07-06-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو چیالنج کیا کہ وہ کسی بھی مسئلہ پر کہیں بھی مباحث کیلئے تیار ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریونت ریڈی کے بیانات سے کوئی ڈرنے اور گھبرانے والا نہیں ہے۔

۲۔ریاست میں اسکولوں کی کشادگی اس مہینہ کی 12 تاریخ کے بجائے 15 تاریخ کو عمل میں آئے گی۔حکومت نے کیا اعلان۔

۳۔مرگ کے موقع پر مچھلی پر سادم کی تقسیم کل رات 9 بجے سے نامپلی ایگزی بیشن گراونڈ میں شروع کی جائے گی۔اس کیلئے ٹرافک تحدیدات عائد کی گئی ہیں۔

۴۔حیدرآباد محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ دو سے تین روز کے دوران جنوب مغربی مانسون کے تلنگانہ کے بعض علاقوں تک پھیلنے کے لئے موسمی حالات سازگار ہیں۔

Weather

حیدرآباد محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ دو سے تین روز کے دوران جنوب مغربی مانسون کے تلنگانہ کے بعض علاقوں تک پھیلنے کے لئے موسمی حالات سازگار ہیں۔محکمہ کے مطابق مہاراشٹر، کرناٹک، تلنگانہ کے چند علاقوں اور آندھرا پردیش سمیت کئی دیگر ریاستوں میں بھی جنوب مغربی مانسون کے مزید پیش قدمی کرنے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں 12 جون تک بارشیں ہونے کا امکان ہے۔اس سلسلہ میں متعلقہ حکام کو الرٹ رہنے اور عوام کو موسمی صورتحال سے باخبر رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

Desk

Harish Rao

بی آر ایس کے ڈپٹی فلور لیڈر ٹی ہریش راؤ نے الزام عائد کیا ہے کہ ریاست کے ساتھ دریائے گوداوری کے پانی کے معاملہ میں ناانصافی ہورہی ہے لیکن کانگریس حکومت خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ گوداوری-نلما لا ساگر پروجیکٹ کے نام پر پولاورم پروجیکٹ سے پانی آندھرا پردیش منتقل کرنے کی سازش کی جارہی ہے۔ ہریش راؤ نے اس اقدام پر شدید تنقید کرتے ہوئے ریاستی مفادات کے تحفظ کا مطالبہ کیا۔

PTC HYD

Gagana Viharam 0 AIR

آکاش وانی حیدرآباد کی عوامی خدمت پر مبنی نشریات کے 90 سال مکمل ہونے کے موقع پر آج 'گگنا وِحَیم' کے عنوان سے ایک خصوصی 'اشٹاوادھانم' پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ یہ تقریب سروورم پرتاپ ریڈی تلگو یونیورسٹی آڈیٹوریم، ناملی میں منعقد ہوئی۔تقریب کے مہمانِ خصوصی سابق مشیر حکومت تلنگانہ ڈاکٹر کے وی رمنہ آچاری تھے۔ پروگرام میں اودھانی نلان چکرورتولا ساہت سمیت کئی ادبی شخصیات نے شرکت کی جن میں ڈاکٹر جی ایم راما شرما، کندی شنکریا، اے بھانوپرکاش، ڈاکٹر منڈپا کا مہیشوری، آراولی شری دیوی، متیام پیٹا گوری شنکر شرما، چٹی توٹی وجے کمار اور رنگی ستیہ نارائن شامل ہیں۔اس پروگرام کے کوآرڈنیٹر ایم دتاتریہ شرما تھے۔تقریب میں آکاش وانی تلنگانہ کلسٹر ہیڈ بی ہری سنگھ، آکاش وانی حیدرآباد کے پروگرام ہیڈ رمیش سُنکا سری، نیوز ہیڈ ایم ایس مہیش اور دوردرشن یادگیری کی پروگرام ہیڈ کا میشوری سمیت متعدد معزز شخصیات نے شرکت کی۔

BK Desk

CM'S PROJECTS:

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی آج شام ملکاج گیری میونسپل کارپوریشن کے حدود میں مختلف ترقیاتی منصوبوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔اس موقع پر وزیر اعلیٰ تقریباً1,474 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والے تین بڑے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کریں گے۔ ان منصوبوں میں اپل بھگایت میں ایم ایم سی دفتر کی نئی عمارت، کنٹونمنٹ میں اے اوسی سڑکوں کی تعمیر اور ایل بی نگر میں ایک پل کی تعمیر شامل ہے۔

PN

BJP'S RAMCHANDER RAO

بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ بی جے پی کسانوں کے مفادات کے تحفظ کے لئے پرعزم ہے۔آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے الزام عائد کیا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کسانوں سے کیے گئے وعدے پورے نہیں کر رہے، جس کے خلاف پارٹی احتجاجی تحریک چلائے گی۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز کوہیڈا میں منعقدہ جلسہ کے دوران وزیر اعلیٰ نے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی کے خلاف نامناسب تبصرے کئے جن کی بی جے پی سخت مذمت کرتی ہے۔رام چندر راؤ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کی زبان غیر مناسب اور قابلِ اعتراض تھی۔انہوں نے خبر دار کیا کہ اگر یہی طرزِ عمل جاری رہا تو کانگریس کے وزراء اور ارکانِ اسمبلی کو دیہاتوں میں عوامی اور سیاسی مخالفت کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

MSM

LOK ADALAT:

اس ماہ کی 20 تاریخ کو منعقد ہونے والی قومی 'لوک عدالت' کو کامیاب بنانے کے لیے گزشتہ روز نامپلی، حیدرآباد میں ایک اہم رابطہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ضلعی قانونی خدمات اتھارٹی کے چیرمین اور انچارج سیشن جج جے وکرم نے کی۔ اجلاس میں سکریٹری ارونا کماری کے علاوہ پولیس اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ جج وکرم نے کہا کہ عوام کو فوری اور مفت انصاف فراہم کرنے کے لئے لوک عدالت ایک مؤثر اور بہترین پلیٹ فارم ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ مفاہمت کے ذریعہ حل کئے جا سکنے والے فوجداری مقدمات، چیک باؤنس کے معاملات اور زیرالتوا ٹریفک چالانوں کو بڑی تعداد میں نمٹانے کے لئے موثر اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ بغیر اضافی اخراجات کے اپنے تنازعات کے حل کے لئے اس سنہری موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور قومی لوک عدالت سے استفادہ کریں۔

PTC HYD

Mallu Bhatti Vikramarka

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے آج مدھیرا اسمبلی حلقہ کے موديگونڈا منڈل کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ مختلف ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھا اور کئی منصوبوں کا افتتاح بھی انجام دیا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ تمام ترقیاتی کام معیاری انداز میں اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کئے جائیں۔ انہوں نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موديگونڈا منڈل میں 33 کروڑ روپے کی لاگت سے جاری سڑکوں کی تعمیر کا کام مکمل ہونے کے بعد دیہی علاقوں کے درمیان آمدورفت کی سہولیات میں نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان سڑکوں کے ذریعہ قومی شاہراہوں سے رابطہ بھی مزید مضبوط ہوگا جس سے مقامی عوام کو بہتر سفری اور معاشی سہولیات میسر آئیں گی۔

PTC- Khammam

FISH PRASADAM:

مرگ کے موقع پر مچھلی پرسادم کی تقسیم کل رات 9 بجے سے نامپلی ایگزی بیشن گراؤنڈ میں شروع کی جائے گی۔انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے وزراء پونم پربھاکر اور واکٹی سری ہری پہلے ہی متعلقہ حکام کے ساتھ اجلاس منعقد کر چکے ہیں۔انتظامیہ نے مچھلی پرسادم کی تقسیم کو 9 جون کی رات 9 بجے تک بلا تعطل جاری رکھنے کے انتظامات کئے ہیں۔عوام کو قطاروں میں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے اس کے لئے پولیس کی جانب سے سخت حفاظتی انتظامات کئے جارہے ہیں۔نگرانی کے لئے سی سی ٹی وی کیمروں کا نظام بھی مضبوط بنایا گیا ہے۔ علاوہ ازیں، تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن مختلف علاقوں سے آنے والے افراد کی سہولت کے لئے 124 خصوصی بسیں چلائے گی۔

PTC HYD

JOB MELA:

اقلیتی نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے مقصد سے 9 جون کو ریڈ روز پیلس، نامپلی میں ایک میگا جاب میلہ منعقد کیا جائے گا۔ یہ پروگرام مہم تلنگانہ مائنارٹیز فنانس کارپوریشن کے زیرِ اہتمام منعقد ہوگی۔اس موقع پر ریاستی وزیر برائے اقلیتی بہبود محمد اظہر الدین جاب میلہ کا افتتاح کریں گے۔منتظمین کے مطابق اس پروگرام کا مقصد اقلیتی نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں روزگار کے مواقع فراہم کرنا اور انہیں بہتر مستقبل کی جانب راغب کرنا ہے۔

PTC HYD

YADADRI - KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے آج شری لکشمی نرسمہا سوامی مندر، یادادری میں خصوصی پوجا کی۔ مندر پہنچنے پر ایگزیکٹو آفیسر بھوانی شنکر اور مندر کے پجاریوں نے روایتی انداز میں ان کا استقبال کیا۔

PTC-Yadadri Bhuvanagiri

BICYCLE DAY:

حیدرآباد میں آج سنڈیز آن سائیکل پروگرام نہایت جوش وخروش کے ساتھ منعقد کیا گیا۔عالمی یومِ سائیکل کے موقع پر گچی باؤلی اسٹیڈیم میں اسپورٹس اتھارٹی آف تلنگانہ کے زیرِ اہتمام منعقدہ سائیکل ریلی کا افتتاح تلنگانہ کے گورنر شیو پرتاپ شکلا نے جھنڈی دکھا کر کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے گورنر نے کہا کہ فٹ انڈیا کے جذبہ کے تحت ماحولیات کے تحفظ اور صحت مند طرزِ زندگی کے فروغ میں سائیکلنگ انتہائی اہم کردار ادا کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ سائیکلنگ آلودگی اور ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ پائیدار اور بہتر شہروں کی تعمیر میں بھی مؤثر ذریعہ ثابت ہوسکتی ہے۔گورنر نے عوام سے اپیل کی کہ وہ سائیکلنگ کو اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنائیں تاکہ صحت مند معاشرہ اور صاف ستھرے ماحول کے قیام میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔اس سائیکل ریلی میں ریاستی وزراء سری دھر بابو اور واکٹی سری ہری، حکومت کے مشیر جتندر ریڈی، نوجوانوں، کھلاڑیوں اور سائیکلنگ کے شوقین افراد کی بڑی تعداد نے پرجوش انداز میں شرکت کی۔

PTC- Hyderabad

Traffic Arrangements

حیدرآباد کے نامپلی ایگزی بیشن گراؤنڈس میں کل سے شروع ہونے والی فش پرسادم کی تقسیم کے پیشِ نظر پولیس نے خصوصی ٹریفک پابندیوں اور راستوں کی تبدیلی کا اعلان کیا ہے۔ پولیس کے مطابق کل صبح 6 بجے سے پرسوں رات 8 بجے تک مختلف مقامات پر ٹریفک کا رخ موڑا جائے گا۔ حکام نے بسوں اور گاڑیوں میں آنے والے عوام کو ہدایت دی ہے کہ وہ گاندھی بھون بس اسٹاپ اور گروہا کلپا بس اسٹاپ کے راستہ سے آئیں۔آٹو رکشہ کے ذریعہ آنے والوں کے لیے شیزان ہوٹل کے قریب خصوصی Alighting کا مقام قائم کیا گیا ہے۔پولیس نے شہریوں اور گاڑی چلانے والوں سے اپیل کی ہے کہ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور ہجوم سے بچنے کے لئے متبادل راستوں کا استعمال کریں اور ٹریفک اہلکاروں کی ہدایات پر عمل کریں۔

Desk

School

ریاست میں اسکولوں کی کشادگی اس مہینہ کی 12 تاریخ کے بجائے 15 تاریخ کو عمل میں آئے گی۔ اس ضمن میں حکومت نے اعلان کیا۔ گرمائی تعطیلات کے بعد 12 جون سے اسکولوں کی دوبارہ کشادگی عمل میں آنے والی تھی لیکن اس مہینہ کی 13 تاریخ کو دوسرا ہفتہ اور 14 تاریخ کو اتوار ہونے کی وجہ سے اسکولوں کی کشادگی میں توسیع کا محکمہ تعلیم نے فیصلہ کیا ہے۔ اس مہینہ کی 12 تاریخ کو تعطیل دینے پر محکمہ تعلیم نے تعلیمی سال کا نقصان نہ ہونے کیلئے 11 جولائی دوسرے ہفتہ کو کلاسیں منعقد کرنے کا فیصلہ لیا ہے۔ یہ بات محکمہ تعلیم کے ڈائرکٹر نوین نکلوس نے بتائی۔

Desk

K. Kavitha

تلنگانہ رکشنا سینا کے صدر کویتا نے کہا کہ سنگاریڈی ضلع کے پٹن چیرو کا علاقہ آلودگی میں تبدیل ہو رہا ہے۔ انہوں نے تلنگانہ رکشنا سینا کے جھنڈا تہوار کے موقع پر پارٹی کا پرچم لہرایا اور اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کے وسائل کی حفاظت کیلئے ان کی پارٹی جدوجہد کرے گی۔

Sangareddy PTC

Women Drivers

خواتین مسافر اب خواتین ڈرائیوروں کی جانب سے چلائی جانے والی کاروں، آٹو رکشاؤں اور بائیکس میں محفوظ سفر کرسکیں گی۔ اس مقصد کے تحت حیدرآباد میں ابتدائی مرحلہ میں 55 خواتین ڈرائیور خدمات انجام دینے کے لئے دستیاب ہوگئی ہیں۔ تلنگانہ پولیس کے ویمن سیفٹی ونگ اور ریاستی محکمہ ٹرانسپورٹ کے مشترکہ تعاون سے تیار کردہ خواتین رائیڈ منصوبہ کا افتتاح ڈی جی پی، سی وی آنند نے کیا۔ اس منصوبہ کا مقصد خواتین کی معاشی خودمختاری، خوداعتمادی اور سماجی تحفظ کو فروغ

دینا ہے۔افتتاحی تقریب میں ڈی جی پی نے خواتین کوٹرانسپورٹ اورڈیلیوری کے شعبوں میں خود روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لئے ای۔بائیکس اورای۔آٹوز کوجھنڈی دکھا کرروانہ کیا۔

Desk

Paddy

ریاست بھر میں دھان کی خریداری 72 لاکھ ٹن سے تجاوز کر گئی ہے جس کا اعلان سول سپلائز کارپوریشن نے کیا ہے۔ادارہ کے مطابق جہاں خریداری مکمل ہوچکی ہے وہاں خریداری مراکز بند کئے جارہے ہیں۔اعداد وشمار کے مطابق اب تک 58.80 لاکھ ٹن موٹا دھان اور 13.50 لاکھ ٹن باریک دھان سمیت مجموعی طور پر 72.30 لاکھ ٹن دھان کی خریداری کی جا چکی ہے۔اس عمل میں 10.78 لاکھ کسانوں کو14 ہزار کروڑ روپے سے زائدکی ادائیگی کی گئی ہے۔محکمہ کے مطابق اب تک 6 اضلاع میں دھان کی خرید مکمل ہوچکی ہے جبکہ مزید 10 اضلاع میں آئندہ دو دنوں میں خریداری مکمل ہونے کاامکان ہے۔

Desk

Fees

ریاست میں تمام نجی میڈیکل کالجوں کوایم بی بی ایس طلبہ سے صرف ساڑھے چار سال کی فیس لینے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔کالوجی ہیلتھ یونیورسٹی نے اس ضمن میں باقاعدہ احکامات جاری کیے ہیں۔یونیورسٹی کے مطابق حالیہ دنوں میں والدین کی جانب سے شکایات موصول ہوئی تھیں کہ بعض کالج زائد فیس وصول کررہے ہیں۔نیشنل میڈیکل کمیشن کے رہنما اصولوں کے مطابق کالجوں کوصرف چار سال چھ ماہ تک ہی فیس لینے کی اجازت ہے۔حکام نے واضح کیا ہے کہ فیس کو پانچ اقساط میں یکساں طور پر وصول کیا جانا چاہئے اورکسی بھی کالج کومقررہ حد سے زیادہ فیس لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔

Desk

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو چیالنج کیا کہ وہ کسی بھی مسئلہ پر کہیں بھی مباحث کیلئے تیار رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریونت ریڈی کے بیانات سے کوئی ڈرنے اور گھبرانے والا نہیں ہے۔ پولی میرا کو آنے سے انہیں کوئی روک نہیں سکتا۔ کشن ریڈی نے کہا کہ وہ ریونت ریڈی کی طرح پارٹی تبدیل نہیں کئے ہیں۔ ان کی پیدائش اور موت بھی بی جے پی میں ہی ہے۔ کشن ریڈی نے کہا کہ وہ کیا ہیں تلنگانہ کے عوام بخوبی جانتے ہیں۔ کانگریس حکومت اور وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے کا مطالبہ کیا۔

Desk

○○